● ملک وجاہت حسین نامہ نگار روزنامہ خبریں اینڈ فرینڈز پریس کلب شجاع آباد

روزنامہ خبریں ملتان
Daily KHABRAIN
بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم
چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد
ABC CERTIFIED
جلد 32 | اتوار 16 رجب المرجب 1445ھ 28 جنوری 2024ء 16 ماگھ 2080ب صفحات 10 قیمت 40 روپے | شمارہ 238



شجاع آباد: سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک عوام کی شکایات سنتے ہوئے

وفاقی محتسب کے سینئر انوسٹی گیشن آفیسر کا دورہ شجاع آباد، کھلی کچہری

52 سے زائد کیسز نمٹا دیئے 11 لاکھ سے زائد رقم کا ریلیف فراہم، لوگوں کی دعائیں

شجاع آباد (نامہ نگار) سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک نے شجاع آباد کا دورہ کیا اور ٹاؤن میونسپل کارپوریشن کے دفتر میں وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف عوام الناس کی شکایات کی سماعت کیں، کھلی کچہری کا اہتمام کیا اور عوام الناس کی شکایات سنیں اور تحریری درخواستیں وصول کیں۔ ۵۲ سے زائد کیسز موقع پر نمٹا دیئے، اور ۱۱ لاکھ سے زائد رقم مختلف بلوں میں واپس کرنے کے احکامات جاری کیے۔ موقع پر موجود ایس ڈی او میپکو کو 5 سے زائد الیکٹرسٹی کنکشن کی بحالی کے احکامات صادر کیے۔ اس موقع پر متعلقہ آفیسرز نے بتایا کہ وفاقی محتسب کی ھدایت پر 51 سے زائد خراب بجلی کے میٹر بھی تبدیل کر دیے ھیں۔ انہوں نے تمام وفاقی اداروں، واپڈا، سوئی گیس، پوسٹل لائف انشورنس، نادرا، پاکستان ریلوے، زرعی ترقیاتی بینک، پاکستان بیت المال، وغیرہ کے فوکل پرسنز کو زیر التوا شکایات کو فوری عملدرآمد کرنے کے احکامات دیئے، ان کا کہنا تھا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ کے تمام فیصلوں کو جلد از جلد عملدرآمد کروائیں گے اور اس میں کسی قسم کی کوئی سستی برداشت نہیں کی جائے گی، ان کا مزید کہنا تھا کہ عوام الناس اپنی شکایات سادہ کاغذ پر لکھ کر موقع پر جمع کروا سکتے